Urdu

Fritidskortet (فرصت کی سرگرمیوں کے لیے کارڈ)

6 سے 18 سال عمر کے سب لوگوں کو 1000 کرونر کا Fritidskort مل سکتا ہے! Fritidskort ایک گفٹ کارڈ ہے جسے آپ فرصت کی کسی مستقل، منظّم سرگرمی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

Lillehammer کو Fritidskort سکیم کی آزمائش کرنے والی پائلٹ بلدیہ بنایا گیا ہے۔ حکومت کا منصوبہ یہ ہے کہ اسے ایک قومی، مستقل سکیم بنا دیا جائے۔ Lillehammer ان بلدیات میں شامل ہے جو یہ ٹیسٹ کریں گی کہ اس سکیم کو کیسے منظّم کیا جا سکتا ہے اور سکیم میں کونسی مشکلات پیش آ سکتی ہیں جنہیں حل کرنا ضروری ہو گا۔ ہم نہیں جانتے کہ ہمارے آزمائشی عرصے کے بعد کیا ہو گا لیکن ہمیں اس پر خوشی ہے کہ Lillehammer کے بچوں کو آزمائشی عرصے میں یہ کارڈ مل رہا ہے۔

Fritidskort درست عمر کے سب بچوں کے لیے ہے۔ اگست 2021 میں 2003 اور 2015 کے درمیان پیدا ہونے والے سب بچوں کو اس کارڈ میں فرصت کی مستقل، منظّم سرگرمی کے لیے 1000 کرونر مل سکتے ہیں۔ بہار میں درست عمر کے سب بچوں کو مزید 1000 کرونر کا نیا گفٹ کارڈ مل جائے گا۔ اگر سرگرمی کا خرچ اس سے زیادہ ہو تو Fritidskort خرچ کا کچھ حصہ ادا کرے گا اور باقی حصہ آپ خود ادا کریں گے۔ اس رقم کو دوسری قسموں کے اخراجات کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی یہ رقم سیدھی گھرانے کو دی جا سکتی ہے، خزاں میں ملنے والی رقم کو بہار کے لیے بچا کر نہیں رکھا جا سکتا اور نہ ہی دوسرے بہن بھائیوں کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ درست عمر کے ہر بچے کو اس کا اپنا Fritidskort ملے گا۔

lilllehammer.aktiv-fritid.no پر دیکھیں کہ آپ اپنا Fritidskort کن چیزوں پر استعمال کر سکتے ہیں! آپ یہاں دیکھ سکتے ہیں کہ بچے کے Fritidskort میں کتنی رقم ہے اور جب آپ کو فرصت کی کسی مستقل، منظّم سرگرمی کا انوائس (بل) ملے اور وہ سرگرمی کروانے والی تنظیم Fritidskort پراجیکٹ میں شامل ہو تو آپ Fritidskort پر رقم ادا کر سکتے ہیں۔ کیا آپ کی سرگرمی اس پراجیکٹ میں شامل نہیں ہے؟ اس تنظیم سے کہیں کہ وہ Fritidskort پراجیکٹ میں شامل ہونے کے لیے fritidskortet@lillehammer.kommune.no پر رابطہ کرے۔

جب آپ اپنی رجسٹریشن کریں گے تو آپ کو نارویجن bokmål زبان چننی ہو گی – لیکن رجسٹریشن اور لاگ ان کرنے کے بعد آپ nynorsk، انگلش، صومالی یا عربی زبان چن سکتے ہیں۔ شاید آہستہ آہستہ یہ پلیٹ فارم اور بھی زبانوں میں ترجمہ کیا جائے۔ سیٹنگز میں آپ «full tekst» (مکمل تحریر) یا «lettlest tekst» (آسان تحریر) بھی چن سکتے ہیں اور ہر سرگرمی کا مواد دکھانے والی علامات دیکھنے کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں۔ تاہم مختلف تنظیمیں یہاں جو معلومات مہیا کرتی ہیں، وہ نارویجن میں ہی ہیں۔

www.lillehammer.kommune.no/fritidskortet پر اس پراجیکٹ کی مزید تفصیل پڑھیں۔

FRITIDS KORTET

LILLEHAMMER KOMMUNE